**01.06.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ارجمندعلی خان

**Music**

---------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی اور میانما کے صدر اُو-مِن-آوں-لائن نے نئی دِلی میں دوطرفہ بات چیت کی ہے۔

☆ بھارت اور عُمان کے درمیان جامع اقتصادی ساجھیداری سمجھوتہ نافذ ہوگیا ہے۔

☆ مغربی بنگال کے وزیراعلیٰ شوبھیندو ادھیکاری نے 35 نئے وزیروں کو شامل کرکے کابینہ میں توسیع کی ہے۔

☆ مئی کے مہینے میں GST کی مجموعی وصولیابی بڑھ کر ایک لاکھ 94 ہزار کروڑ روپے تک پہنچ گئی، جس میں درآمدات سے ہونے والی وصولیابی میں اضافے کا اہم رول ہے۔

☆ 'پی ایم سوانِدھی' اسکیم کو چھ سال مکمل ہوگئے ہیں۔ وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ مذکورہ اسکیم سے ریڑھی پٹری والوں کیلئے ترقی کے نئے مواقع دستیاب ہوئے ہیں۔

☆ امریکہ نے ایران میں راڈار اور ڈرون کنٹرول مراکز پر حملے کئے ہیں، جس سے مغربی ایشیا خطے میں کشیدگی پھر سے بڑھ گئی ہے۔

☆ اور ، ہانگ کانگ میں 20 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کی ایشیائی ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں بھارت نے سونے کے دس تمغوں سمیت 19 تمغے جیتے ہیں۔

---------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM-MYANMAR PREZ TALKS**

وزیراعظم نریندر مودی اور میانما کے صدر U Min Aung Hlaing نے نئی دلّی میں دوطرفہ بات چیت کی ہے۔ اِس بات چیت کا مقصد دونوں ملکوں کے درمیان تاریخی اور تہذیبی رابطوں کو مزید مستحکم کرنا ہے۔ بھارت اور میانما کے درمیان وسیع

تر شعبوں میں اچھے تعلقات ہیں، جن میں سکیورٹی اور کنکٹی وِٹی شامل ہیں۔ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے کل شام نئی دلّی میں میانما کے صدر سے ملاقات کی تھی۔ میانما کے صدر نے میانما-بھارت کاروباری فورم سے بھی خطاب کیا تھا، وہ بھارت کے پانچ روزہ دورے کے تحت ہفتے کے روز بہار کے گیا پہنچے تھے۔ میانما کے صدر کل ممبئی بھی جائیں گے، جہاں وہ کاروباریوں اور صنعتکاروں سے بات چیت کریں گے اور مختلف مقامات دیکھنے جائیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Anupam Mishra**

*میانما کے صدر آج شام راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کریں گے۔ اُن کا قومی راجدھانی کے **Rai Pithora** ثقافتی کمپلیکس میں ایک نمائش دیکھنے جانے کا بھی پروگرام ہے۔ اس نمائش میں گوتم بودھ سے وابستہ پوتر **Piprahwa** باقیات کو رکھا گیا ہے اور اُس کے ساتھ ساتھ اِس سے وابستہ کچھ قدیمی چیزیں بھی نمائش کیلئے رکھی گئی ہیں۔ میانما، بھارت کی پڑوس مقدم، مشرقی ملکوں سے رابطے بڑھانے اور مہاساگر پالیسیوں کے سلسلے میں اہم مقام رکھتا ہے۔ صدر **U Min Aung Hlaing** کے بھارت کے دورے سے دونوں ملکوں کے درمیان کثیر رُخی تعلقات کے مزید مستحکم ہونے کا امکان ہے۔*

*دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......*

## INDIA-OMAN CEPA

بھارت-**Oman** جامع اقتصادی شراکت داری معاہدہ **CEPA** آج سے نافذ ہوگیا ہے۔ کامرس اور تجارت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ یہ معاہدہ دونوں ملکوں کے درمیان اقتصادی اور کلیدی رابطوں کو مستحکم کرے گا۔ ایک قومی روزنامے میں شائع ایک مضمون میں جناب گوئل نے کہا کہ اس معاہدے سے، خاص طور سے ملک کے طلباء، دستکاروں، خواتین کسانوں، ماہی گیروں اور **MSME** اداروں کو فائدہ ہوگا اور اس کے تحت نئے بازاروں تک رسائی ممکن ہوپائے گی، برآمدات کو فروغ حاصل ہوگا، سرمایہ کاری راغب ہوگی اور روزگار کے مواقع پیدا ہونے میں تیزی آئے گی۔ بھارت کے **Oman** کے ساتھ گہرے اقتصادی اور عوام سے عوام کے درمیان رابطے ہیں، جہاں تقریباً 7 لاکھ بھارتی آباد ہیں۔ مرکزی وزیر نے کہا کہ **Oman** میں آباد بھارتی شہری سالانہ تقریباً دو اَرب ڈالر کی رقم اپنے گھروں کو بھیجتے ہیں، جبکہ 6 ہزار سے زیادہ بھارتی ادارے وہاں کام کررہے ہیں۔×

## RS-POLL NOTIFICATION

دس ریاستوں میں راجیہ سبھا کی 24 سیٹوں کے چناؤ کیلئے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے۔ ہر دو سال بعد ہونے والے

اِس چناؤ کے تحت پولنگ اِس مہینے کی 18 تاریخ کو ہوگی۔ اِن میں آندھرا پردیش، گجرات اور کرناٹک میں چار-چار سیٹیں، راجستھان اور مدھیہ پردیش میں تین-تین سیٹیں، جھارکھنڈ میں دو اور منی پور، میگھالیہ، اروناچل پردیش اور میزورم میں ایک-ایک سیٹ شامل ہے۔

سابق وزیر اعظم اور JDS کے رہنما ایچ-ڈی-دیوے گوڑا، مرکزی وزیر اور BJP کے لیڈر جارج Kurian اور رونیت سنگھ، راجیہ سبھا میں اپوزیشن کے رہنما اور کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے، اُن ارکان میں شامل ہیں، جن کی رکنیت کی مدت اِس مہینے مکمل ہورہی ہے۔ اِدھر مہاراشٹر، تمل ناڈو اور اوڈیشہ میں ایک-ایک سیٹ کے راجیہ سبھا ضمنی چناؤ کا نوٹیفکیشن بھی آج جاری کیا گیا ہے۔×

## CINNERCIAL LPG PRICE

ہوٹلوں، ریستوراں اور دیگر کاروباری اداروں میں استعمال ہونے والے 19 کلو گرام کے کمرشیل LPG سلنڈر کی قیمت میں چار بڑے شہروں میں 42 روپے سے لے کر 53روپے 50 پیسے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ گھریلو LPG سلنڈر کی شرحوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ دِلی میں کمرشیل LPG سلنڈر کی قیمت میں 42 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے اور اب یہ 3 ہزار 113 روپے 50 پیسے کا ملے گا۔

ممبئی میں اِس کی قیمت 43 روپے 50 پیسے بڑھ گئی ہے اور وہاں کمرشیل سلنڈر کیلئے 3 ہزار 67 روپے 50 پیسے دینے ہوں گے۔ کولکاتا میں 53 روپے 50 پیسے کے اضافے کے ساتھ کمرشیل سلنڈر اب 3 ہزار 255 روپے 50 پیسے کا ملے گا۔ چنئی میں کمرشیل سلنڈر کی قیمت میں 42 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے اور اب یہ 3 ہزار 283 روپے کا ہوگیا ہے۔×

## WB CABINET EXPANSION

مغربی بنگال میں وزیر اعلیٰ شوبھیندو ادھیکاری کی سربراہی والی کابینہ نے 35 نئے وزیروں کو شامل کرکے توسیع کی گئی ہے۔ ریاست کے گورنر آر-این-روی نے کولکاتا میں لوک بھون میں وزارتی کونسل کے نئے ارکان کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ Swapan داس گپتا، ارجن سنگھ، Tapas Roy اور شنکر گھوش اُن ارکانِ اسمبلی میں شامل ہیں، جنھیں کابینہ وزیر کی حیثیت سے حلف دلایا گیا ہے۔ نئے وزیر، ریاست کے مختلف خطوں کی نمائندگی کرتے ہیں اور اِس میں تجربہ کار ارکانِ اسمبلی کے ساتھ ساتھ پہلی بار وزیر کا عہدہ سنبھالنے والے ارکان بھی شامل ہیں۔×

## GST MAY COLLECTION

سامان اور خدمات ٹیکس GST کی مجموعی وصولیابی میں گزشتہ مہینے تین اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا اور یہ ایک لاکھ

94 ہزار کروڑ روپے سے تجاوز کرگئی۔ سامان اور خدمات کی فراہمی میں بہتری، نیز درآمدات سے ہونے والی وصولیابی لگاتار بڑھنے کی وجہ سے ایسا ہوا ہے۔ پچھلے سال مئی کے مہینے میں GST کی مجموعی وصولیابی ایک لاکھ 88 ہزار کروڑ روپے تھی۔ گزشتہ مہینے اندرونِ ملک لین دین سے مرکزی GST کی وصولیابی 37 ہزار 397 کروڑ روپے رہی، جبکہ ریاستی GST کی مالیت 45 ہزار 143 کروڑ روپے ریکارڈ کی گئی۔ مربوط جی ایس ٹی 51 ہزار 990 کروڑ روپے رہی۔×

## PM SAVNIDHI

ریڑھی پٹری والوں سے متعلق پردھان منتری آتم نربھر ندھی، ''پی ایم سواندھی'' اسکیم کو آج چھ سال مکمل ہوگئے ہیں۔ مذکورہ اسکیم سے پچھلے چھ سال میں لاکھوں ریڑھی پٹری والوں کو قرض حاصل کرنے اور اپنی روزی روٹی کو برقرار رکھنے میں سہولت ہوئی ہے۔ سال 2020 میں یہ اسکیم شروع ہونے کے بعد سے ایک کروڑ 12 لاکھ سے زیادہ قرضے تقسیم کئے گئے ہیں۔ مذکورہ اسکیم کی ستائش کرتے ہوئے وزیراعظم نریندرمودی نے کہا کہ آسان قرضوں کی فراہمی، مالی شمولیت اور ترقی کیلئے نئے موقعوں کو یقینی بنا کر پی ایم سواندھی اسکیم سے بے شمار ریڑھی پٹری والوں کی زندگی بدل گئی ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C: Suparna Saikia

*مذکورہ اسکیم کے تحت سود میں سبسڈی اور کریڈٹ گارنٹی مدد کے ساتھ تین مرحلوں میں 15 ہزار، 25 ہزار اور 50 ہزار روپے کے قرضے فراہم کئے جاتے ہیں۔ اِس پہل سے مختلف شہروں اور قصبوں میں 75 لاکھ سے زیادہ متعلقہ افراد کو فائدہ ہوا ہے۔ مذکورہ اسکیم کے تحت 17 ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے قرضے فراہم کئے گئے ہیں۔ اِسکیم کے تحت 55 لاکھ سے زیادہ افراد ڈیجیٹل طریقے سے اِس میں شامل ہوئے ہیں۔ مجموعی طور پر مستفید ہونے والے افراد نے 841 کروڑ سے زیادہ ڈیجیٹل لین دین کئے ہیں، جن کی مالیت تقریباً 8 لاکھ 96 ہزار کروڑ روپے ہے۔''پی ایم سوا ندھی'' اسکیم کے تحت متعلقہ افراد کو ڈیجیٹل Cashback ترغیبات اور سود میں رعایت کے ذریعے تقریباً 800 کروڑ روپے بھی موصول ہوئے ہیں۔ اسکیم کی مدت مارچ 2030 تک بڑھا دی گئی ہے۔*

*دِلی سے سُپرنا سائکیا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلیے میں شمیم عرفان*

## SC-JUDGES

سپریم کورٹ میں پانچ نئے ججوں کا تقرر کیا گیا ہے، جس کے بعد اب سپریم کورٹ میں ججوں کی تعداد بھارت کے چیف جسٹس سمیت 37 ہوگئی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں قانون و انصاف کے وزیر ارجن رام میگھوال نے بتایا کہ صدر جمہوریہ نے بھارت کے چیف جسٹس کے ساتھ صلاح و مشورے کے بعد سپریم کورٹ میں پانچ نئے ججوں کی تقرری کی ہے۔

وزارت قانون کی طرف سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب و ہریانہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس **Sheel Nagu**، بامبے ہائی کورٹ کے چیف جسٹس شری چندر شیکھر، مدھیہ پردیش ہائی کورٹ کے چیف جسٹس سنجیو سچدیوا اور جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس **Arun Palli** کو سپریم کورٹ میں جج مقرر کیا گیا ہے۔ سینئر ایڈوکیٹ **Venkita Sabramnani Mohana** کو بھی سپریم کورٹ میں جج مقرر کیا گیا ہے۔×

## US IRAN KUWAIT STRIKES

امریکہ نے ختمِ ہفتہ پر ایران کے رڈار اور ڈرون کنٹرول مراکز پر حملے کئے ہیں، جس سے مغربی ایشیا خطے میں پھر سے کشیدگی بڑھ گئی ہے۔ بین الاقوامی آبی حدود کے اوپر پرواز کرنے والے امریکہ کے **MQ-1 Predator** ڈرون کو ایران کی جانب سے مار گرائے جانے کے بعد امریکہ نے یہ فوجی کارروائی کی ہے۔

ایران نے جوابی حملہ کرنے کی بات قبول کی ہے اور اُدھر کویت نے کہا ہے کہ اُس کے فضائی دفاعی نظام کے ذریعے میزائل اور ڈرون حملوں کو ناکام بنایا جارہا ہے۔ حالیہ حملوں سے جنگ بندی کے کمزور ہونے کا اشارہ ملتا ہے۔ کشیدگی میں لگاتار اضافہ ہورہا ہے، کیونکہ اسرائیل نے **Litani** دریا سے بھی آگے تک لبنان میں اپنا قبضہ بڑھا دیا ہے۔×

## IIT JEE RESULT

مشترکہ داخلہ امتحان **JEE Advanced** کے نتیجے کا اعلان کردیا گیا ہے۔ انڈین انسٹی ٹیوٹس آف ٹیکنالوجی **IITs** اور دیگر اعلیٰ اداروں میں داخلے کیلئے کمپیوٹر پرمبنی امتحان کرایا جاتا ہے۔ **IIT Roorkee** نے نتیجے کا اعلان کیا۔

اُس نے کہا ہے کہ پچھلے مہینے کی **17** تاریخ کو، جو ایک لاکھ اُناسی ہزار **694** امیدوار امتحان میں بیٹھے تھے، اُن میں سے **56** ہزار **880** امیدواروں نے کوالیفائی کرلیا ہے۔ اِن میں دس ہزار **107** لڑکیاں شامل ہیں۔ **IIT Delhi** زون کے شُبھم کمار نے پہلی **Rank** حاصل کی ہے، جبکہ خاتون امیدواروں میں آروہی دیش پانڈے اوّل مقام پر رہیں۔×

## MALAYSIA SOCIAL MEDIA BAN

ملیشیا میں آج سے اُن ضابطوں کا اطلاق ہوگیا ہے، جن کے تحت **16** سال سے کم عمر کے لاکھوں بچوں کیلئے سوشل میڈیا اکاؤنٹ رکھنے پر پابندی ہوگی۔ اِن ضابطوں کے تحت تقریباً **80** لاکھ صارفین کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اپنی عمر کی تصدیق سے متعلق نظام کا طریقۂ کار مکمل کرنا ہوگا۔ حکومت نے کہا ہے کہ اس اقدام کا مقصد بچوں کو نقصان دہ کنٹینٹ، **Cyberbullying** اور دیگر خطرات سے تحفظ فراہم کرنا ہے۔×

**ATHILETICS**

ہانگ کانگ میں 20 سال تک کی عمر کے کھلاڑیوں کی ایشیائی ایتھلیٹکس چمپیئن شپ میں بھارت نے سونے کے دس تمغوں سمیت 19 تمغے جیتے ہیں۔ اِس طرح بھارت نے تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا اور وہ مجموعی اعتبار سے دوسرے مقام پر رہا۔ بھارت کو چاندی کے پانچ اور کانسے کے چار تمغے بھی ملے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اِس ایتھلیٹکس چمپیئن شپ میں 19 تمغے جیتنے پر بھارتی کھلاڑیوں کو مبارکباد دی ہے۔×

**WRESLING- U-17**

ویتنام کے Da Nang میں 17 سال تک کی عمر کی ایشیائی کشتی چمپیئن شپ میں بھارتی خواتین کشتی کھلاڑیوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا اور کُل 10 تمغے جیتے، جن میں سونے کے 2، چاندی کے تین اور کانسے کے پانچ تمغے شامل ہیں۔ 43 کلوگرام کے زمرے میں Diksha اور 73 کلوگرام کے زمرے میں Garima نے اپنے اپنے فائنل مقابلوں میں سونے کے تمغے جیتے۔ اس دوران اَنڈر-23 ایشیائی کشتی چمپیئن سپ میں مردوں کی بھارتی فری اسٹائل ٹیم نے خطاب جیتا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆